۱ ربیع الثانی ــــ حضرت مولانا عبداللہ درخواستی مدظلہ دارالعلوم تشریف لائے نماز عشاء کے بعد دارالحدیث میں طلباء سے خطاب فرمایا۔ انہوں نے جناب حاجی شیر افضل خان مرحوم صدر تعمیری کمیٹی دارالعلوم کی تعزیت فرمائی اور رات ان کے مکان پر قیام فرمایا۔

۹ ربیع الثانی ــــ مولانا درخواستی افغان مہاجرین و مجاہدین کے سلسلہ میں اپنے دورہ کے اختتام پر دوبارہ دارالعلوم تشریف لائے اس سے قبل آپ نے حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی معیت میں خیرآباد میں واقع افغان مہاجرین کے کیمپوں کا دورہ کیا اور نماز مغرب ان کے ساتھ ادا کی اور مختصر خطاب فرمایا۔ نماز عشاء سے قبل آپ نے دارالعلوم کے دارالحدیث میں جہاد کے موضوع پر طلبہ سے ایک بار پھر پُرتاثیر خطاب فرمایا۔

۱۰ ربیع الثانی ــــ مولانا درخواستی مدظلہ نے نوشہرہ کے قریب اضاخیل میں افغان مہاجرین کے بڑے کیمپ کا دورہ فرمایا۔ مولانا سمیع الحق صاحب بھی آپ کے ہمراہ تھے اور مولانا درخواستی مدظلہ سے قبل انہوں نے مہاجرین کے اس بڑے مجمع سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کے علماء حق و مشائخ کی جماعت کی طرف سے ہمدردی اور تعاون کے جذبات و مساعی سے انہیں آگاہ کیا۔

۱۱ ربیع الثانی ــــ شدید انتظار کے بعد الحمد للہ کہ آج دارالعلوم میں سوئی گیس کا کنکشن آگیا اور مطبخ وغیرہ میں گیس کا استعمال ہونے لگا۔

۲۳ فروری ــــ اکوڑہ خٹک کی مسجد اڈہ کی نئی عمارت کا افتتاح حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے خطبہ و نماز جمعہ سے فرمایا خطبہ سے قبل آپ نے بصیرت افروز خطاب بھی فرمایا۔

۲-۳ جنوری ــــ دارالعلوم کے جشن صد سالہ میں پاکستانی حضرات کی شرکت کے لئے پالیسی طے کرنے کے بارہ میں وزارت مذہبی امور کے اعلیٰ حکام کا اجلاس اسلام آباد میں دو دن جاری رہا اور انتظامات کو آخری شکل دی گئی صوبہ سرحد سے اس سلسلہ کے تمام امور کی ذمہ داری مولانا سمیع الحق صاحب کے ذمہ لگائی گئی اور آپ ہمہ تن ان انتظامات میں آخر تک مشغول رہے۔

۷ جنوری ــــ مجاہدین افغانستان کی حرکت انقلاب اسلامی کے سربراہ مولانا محمد نبی صاحب اور حزب اسلامی افغانستان کے نائب صدر مولانا جلال الدین حقانی نے اکوڑہ خٹک میں حضرت شیخ الحدیث کی زیارت کی اور دونوں حضرات نے دفتر الحق میں مولانا سمیع الحق سے بھی دو تین گھنٹے تک تبادلہ خیال کیا۔